# الیکٹرک سگریٹ کی ڈیلیوری کا کام کرنے کا حکم

دارالافتاء اهلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

میں دبئی میں ہوتا ہوں، ادھر الیکٹرک سگریٹ کا استعمال کیا جاتا ہے، اور میں الیکٹرک سگریٹ کی ڈیلیوری کا کام کرتا ہوں، تو کیا یہ کام میرے لیے جائز ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

الیکٹرک سگریٹ کی ڈیلیوری کی درج ذیل دو صورتیں ہیں:

(1) جس سگریٹ میں نشہ آور مواد ہو، اس کی ڈیلیوری کرنا بھی ناجائز ہے، کہ نشہ آور سگریٹ وغیرہ پینا، ناجائز ہے اور اس کی ڈیلیوری کرنا گناہ کے کام پر تعاون ہو گا جبکہ گناہ کے کام پر تعاون کرنا جائز نہیں۔

(2) اور جس سگریٹ میں نشہ آور مواد نہ ہو بلکہ جائز مواد ہو تو اس کی ڈیلیوری کرنا جائز ہے جبکہ قانونی پابندی نہ ہو، اگر قانونی پابندی ہو کہ جرم کی حد تک پہنچے تو جائز نہیں کہ اس میں اپنے آپ کو سزا و ذلت کے لیے پیش کرنا ہے، جو کہ جائز نہیں۔

امام اہل سنت اعلی حضرت الشاہ احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بھنگ اور افیون بقدر نشہ کھانا پینا حرام ہے۔"(فتاوی رضویہ، جلد 19، صفحہ 537، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

گناہ کے کام پر تعاون کرنے کے متعلق قرآن پاک میں ہے: ﴿وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ﴾ ترجمہ کنز الایمان: اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے (القرآن، پارہ 6، سورۃ المائدۃ، آیت 2)

ناجائز کام کی نوکری کے متعلق بدائع الصنائع میں ہے "الاستئجار علی المعاصی أنه لا یصح" ترجمہ: گناہ کے کاموں پر اجارہ کرنا، ناجائز ہے۔ (بدائع الصنائع، کتاب الاجارۃ، جلد 4، صفحہ 189، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

جائز قانون توڑنا شرعاً منع ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "کسی ایسے امر کا ارتکاب جو قانوناً ناجائز ہو، اور جرم کی حد تک پہنچے، شرعاً بھی ناجائز ہوگا، کہ ایسی بات کے لئے جرمِ قانونی کا مرتکب ہو کر اپنے آپ کو سزا اور ذلت کے لئے پیش کرنا شرعاً بھی روا نہیں، قال تعالی ﴿لا تلقوا بأیدیکم الی التھلکة﴾۔(اللہ تعالی نے فرمایا: اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔)(فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ192، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

الیکٹرک سگریٹ کے حکم سے متعلق تفصیلی فتوی ملاحظہ فرمائیے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4195

تاریخ اجراء: 04ربیع الاول1447ھ/29اگست2025ء